جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

## تحریک تحفظ ناموس رسالت ﷺ کے سلسلے میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی سرگرمی:

تحفظ ناموس رسالت ﷺ میں ترامیم کی حکومتی ارادوں کے خلاف ملک بھر میں مسلمانوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔اس ضمن میں قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے قومی پریس اوراجتماعات کے ذریعہ شدومد سے احتجاج کا سلسلہ جاری رکھا' اسی سلسلے میں آپ گزشتہ دنوں لاہور کے بڑے جلسہ عام میں شرکت کیلئے تشریف لے گئے اوروہاں پرعظیم الشان مجمع سے اہم خطاب فرمایا۔اور ناموس رسالت کے مسئلہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور حکمرانوں کی ناکام مغرب پرست پالیسیوں کی کھل کر مخالفت کی۔اس موقع پر جامعہ اشرفیہ لاہور کے نائب مہتمم حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفیؒ کی تعزیت کے سلسلے میں آپ جامعہ اشرفیہ تشریف لے گئے اوروہاں کے اکابرین اور خصوصاً حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب مدظلہ اور حضرت مرحوم کے صاحبزادوں اور بھتیجوں اورادارہ کے اساتذہ و مشائخ سے تعزیت کی۔اس موقع پر وہاں ایک اہم تقریب کی صدارت بھی آپ نے فرمائی۔اور مختصر خطاب بھی فرمایا۔

## جمعیۃ علماء اسلام کے رہنما مولانا فضل مولیٰؒ کی وفات:

گزشتہ ہفتے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ہری پور تشریف لے گئے اوروہاں پر حضرت مولانا فضل مولا حقانی کی تعزیت کی۔آپ دارالعلوم حقانیہ سے فارغ التحصیل جید عالم دین تھے۔اور جمعیۃ علماء اسلام کے ضلع ہریپور کے امیر تھے۔عمر بھر قائد جمعیت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور جمعیت علماء اسلام (س) سے وابستہ رہے۔مولانا مدظلہ نے ان کے صاحبزادگان مولانا شمس الاسلام' مولانا امداداللہ حقانی اور مولانا حافظ ولی محمد سے اس موقع پر تعزیت کی۔اور جامع مسجد میں خطاب بھی فرمایا بعد میں دارالعلوم میں بھی آپ کے رفع درجات کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

**بی بی سی کے صحافیوں کی دارالعلوم آمد:** موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں بی بی سی کے صحافی گزشتہ دنوں دارالعلوم تشریف لائے۔انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور یہاں پر درس وتدریس اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا اور خصوصاً یہاں کے پُرامن تعلیمی ماحول سے بڑے متاثر ہوئے' بعد میں انہوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے مختلف ملکی اور عالمی حالات وموضوعات پر تفصیلی انٹرویو بی بی سی ریڈیو کے لئے کیا۔

اسی طرح ناروے سے آئے ہوئے پی ایچ ڈی کے طالب علم نے بھی حضرت مولانا مدظلہ سے موجودہ صورتحال پر خصوصی انٹرویو ریکارڈ کیا۔اور کئی اہم علمی مسائل وموضوعات پر اپنے مقالہ کے لئے استفادہ کیا۔